# نعت رسول مقبول (ص)

<"xml encoding="UTF-8?>

| | |
|---|---|
| جہاں کے آقا کو دیکھنا ہو محمد مصطفی کو دیکھو | جو اسوہ حق کو دیکھنا ہو محمد مصطفی کودیکھو |
| جہل کی ظلمت سے سب بشر کو نجات دی ہے میرے نبی نے | علم کے سورج کو دیکھنا ہو محمد مصطفی کودیکھو |
| یتیم و بے کس غریب ونادار در پیمبر کھلا ہے سب پر | سخی عالم کودیکھنا ہو محمد مصطفی کو دیکھو |
| حبیب ہیں آپ تو خدا کے بنے ہیں محبوب دوجہاں کے | دلوں کے حاکم کو دیکھنا ہو محمد مصطفی کو دیکھو |
| بشرکی صورت میں آپ آئے مگر ہیں باتیں سبھی خداکی | خدا کے مظہر کو دیکھنا ہو محمد مصطفی کو دیکھو |
| بیان کیسے میں کرسکوں گا میرے محمد کی رفعتوں کو | جو راز خالق کو دیکھنا ہو محمد مصطفی کو دیکھو |
| میرے پیمبر سے کوئی پوچھے دکھادو دنیا میں آپ جیسے | کہا محمد کو دیکھنا ہو تو تم میرےمرتضی کودیکھو |
| حسین نے دین کو بچایا لٹاکے کربل میں اپنا سب کچھ | جو حق پہ مرنے کو دیکھنا ہو نواسہ ئ مصطفی کودیکھو |
| وجود ہے گرجہاں کا عابد سبھی ہیں صدقے میرے نبی کے | تو اپنے محسن کو دیکھنا ہو محمد مصطفی کو دیکھو |